# نعتِ پاک

بڑی دلکشی ہے نبی ﷺ کی گلی میں
کہ جنت بنی ہے نبی ﷺ کی گلی میں

منور ہوا جا رہا ہے زمانہ
یہ کیا روشنی ہے نبی ﷺ کی گلی میں

چلو غم کے مارو مدینے کی جانب
خوشی بٹ رہی ہے نبی کی گلی میں

بھلا کیسے مجھ کو میسر سکوں ہو
طبیعت لگی ہے نبی کی گلی میں

جسے موت کہتی ہے قدسیؔ یہ دنیا
وہی زندگی ہے نبی کی گلی میں

★★★